# امی سے پوچھو، ابو سے پوچھو

آئیس کریم خرید سکتا ہوں؟

ابو سے پوچھو

کھیلنے جاسکتا ہوں؟

امی سے پوچھو

کتا پال سکتا ہوں؟

ابو سے پوچھو

دوستوں کو گھر بلا سکتا ہوں؟

امی سے پوچھو

موٹر بائیک چلا سکتا ہوں؟

ابو سے پوچھو

اپنے بال بڑھا سکتا ہوں؟

امی سے پوچھو

الو کی آواز نکال سکتا ہوں؟

ابو سے . . . کیا کہا؟ کیا کہا تم نے؟

ہو ہو ہو ہو!

اس نظم کو پڑھنے کے بعد آپ دو کام کرسکتے ہیں:

۱۔نظم کو اپنے تجربے سے آگے بڑھائیے۔یعنی آپ کی امی کب کہتی ہیں ''ابو سے پوچھو'' یا ابو کب کہتے ہیں ''امی سے پوچھو''

۲۔ایک کاغذ پر لکھیے کہ آپ کا کون کون سے کام کرنے کو جی چاہتا ہے۔اس میں یہ بھی لکھیے کہ بڑے ہوکر آپ کیا بننا چاہتے ہیں۔اور پھر وہ کاغذ اپنی امی اور ابو کو دکھلانا چاہیں تو دکھلائیے۔ ورنہ اپنے پاس رکھیے اور ایک دو مہینے کے بعد دیکھیے کہ کیا وہی کام کرنے کو آپ کا دل اب بھی چاہتا ہے۔